حصہ ۔الف (کثیر انتخاب سوالات)

سوال ا۔ مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(ا) الانفال کی معنیٰ ہے۔

(الف) قرض (ب) تحفہ (ج) دولت (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

eduvision.edu.pk

(۲) الاحزاب کی معنیٰ ہے۔
(الف)ایک گروہ (ب)کئی گروہ (ج)لشکر (د)جنگجو

(۳) الدرس الاول کی معنیٰ ہے۔
(الف)سبق پڑھیے (ب)پہلا سبق (ج)پہلا نمبر (د)ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۴) زکوۃ کے ________ مصارف ہیں۔
(الف)05 (ب)07 (ج)08 (د)06

(۵) اعمال میں سب سے پہلے نماز ہے۔اس کے بعد ________ ہے۔
(الف)روزہ (ب)حج (ج)زکوۃ (د)فطرہ

(۶) کون سی سورت مدینہ میں نازل ہوئی؟
(الف)الانفال (ب)الاحزاب (ج)الممتحنہ (د)یہ تمام

(۷) اللہ تعالیٰ نے سورۃ الانفال میں ________ کو آزمائش قرار دیا ہے۔
(الف)مال اور اولاد (ب)والدین (ج)دوستوں (د)رشتہ داروں

(۸) سورۃ الممتحنہ میں ________ آیتیں ہیں۔
(الف)15 (ب)13 (ج)73 (د)75

(۹) عیدین کے دن غسل کرنا ________ ہے۔
(الف)فرض (ب)مستحب (ج)واجب (د)مسنون

(۱۰) انسان کسی سے محبت کرے تو صرف ________ کے لیے کرے۔
(الف)نفس (ب)والدین (ج)اللہ تعالیٰ (د)رشتہ داروں

(۱۱) علم ________ کا راستہ بتاتا ہے۔
(الف)جنت (ب)جہاد (ج)کامیابی (د)نیکی

(۱۲) عائلی زندگی سے مراد ہے؟
(الف)معاشرتی زندگی (ب)خاندانی زندگی (ج)انفرادی زندگی (د)ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۱۳) مومن کا دل ________ ہے جب اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جاتا ہے۔
(الف)رک جانا (ب)خوش ہوجاتا (ج)ڈر جاتا (د)ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۱۴) ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کو کیا کہتے ہیں۔
(الف)تجارت (ب)ہجرت (ج)سیاحت (د)جلاوطنی

(۱۵) غسل میں ________ فرض ہیں۔
(الف)02 (ب)03 (ج)04 (د)05

حصہ ۔ ب(مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب دیجیے۔ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

eduvision.edu.pk

سوال ۲۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک آیت کا ترجمہ لکھیے۔

(الف) وما رمیت اذ رمیت ولکنّ اللہ رمی ج

(ب) ما جعل اللہ لرجل من قلبین فی جوفہ ج

سوال ۳۔ سورۃ الانفال میں مومنوں کی کیا صفات بیان کی گئی ہیں؟

سوال ۴۔ سورۃ الاحزاب میں منہ بولے بیٹوں کے بارے میں کیا ہدایات دی گئی ہیں؟

سوال ۵۔ خیانت سے کیا مراد ہے؟

سوال ۶۔ جب اہل کفر مسلمانوں پر غلبہ حاصل کرتے ہیں تو ان کا ایمان والوں سے کیا سلوک ہوتا ہے؟

سوال ۷۔ وضو کے کتنے فرائض ہیں؟ بیان کیجیے۔

سوال ۸۔ اسلام میں ہجرت کا مفہوم بیان کیجیے۔

سوال ۹۔ مندرجہ ذیل میں کسی ایک حدیث کا ترجمہ کیجیے۔

(الف) الصلوٰۃ عماد الدین ومن اقامھا فقد اقام الدین ومن ھدمھا فقد ھدم الدین

(ب) للصائم فرحتان، فرحتہ عند افطارہ، و فرحتہ عند لقاء ربہ

سوال ۱۰۔ کفار کے مطالبے کے باوجود اللہ تعالیٰ نے ان پر عذاب کیوں نازل نہ کیا؟

سوال ۱۱۔ حضورﷺ کے ہاں کھانے کی دعوت پر آنے والوں کو کن آداب کی تعلیم دی گئی؟

سوال ۱۲۔ زکوٰۃ کے کوئی بھی چار مصارف لکھیے۔

سوال ۱۳۔ طہارت کے بارے میں کتاب میں دی گئی ایک حدیث معنیٰ کے ساتھ لکھیے۔

حصہ ۔ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 3 سوالات کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے 08 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ قرآن اور حدیث کی روشنی میں علم کی فضیلت بیان کیجیے۔

سوال ۱۵۔ زکوٰۃ ادا نہ کرنے والوں کو قرآن شریف نے کون سی وعید سنائی ہے؟

سوال ۱۶۔ مندرجہ ذیل حدیث کا ترجمہ اور مکمل وضاحت کے ساتھ تشریح کیجیے۔

افضل الاعمال لاالہ اللہ اللہ و افضل الدعاء الاستغفار

سوال ۱۷۔ جہاد سے کیا مراد ہے؟ وضاحت سے لکھیے۔

سوال ۱۸۔ زوجین کے ایک دوسرے پر کیا حقوق ہیں؟ وضاحت سے بیان کیجیے

eduvision.edu.pk